آنکھ کے قطرے

کیسے استعمال کیے جائیں

آنکھ کے لیپ
کان کے قطرے
آنکھ کے قطرے
سر کی جوؤں کا لوشن
خارش کی دوائیں

Drug Office
Department of Health

ممکنہ ضمنی اثرات

آنکھوں کے قطرے آپ کی بینائی کو عارضی طور پر دھندلا سکتے ہیں اور آپ کی آنکھ کے لیے ہلکی تکلیف کا باعث بن سکتے ہیں۔ جب تک آپ کی بینائی دوبارہ واضح نہ ہو اس وقت تک گاڑی یا مشینری نہ چلائیں۔

اگر علامات برقرار رہتی ہیں، یا اگر آپ کو الرجی کا کوئی سامنا ہو جیسا کہ جلد کی خارش، چہرے یا ہاتھوں میں سوجن اور سانس لینے میں دشواری محسوس ہو تو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

ادوِیات کی سٹوریج

دوائیں کسی ٹھنڈی، خشک جگہ پر رکھیں اور براہ راست گرمی اور روشنی سے دور رکھیں۔ کچھ آنکھوں کے قطروں کے لیے ریفریجریٹر میں محفوظ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ براہ مہربانی پراڈکٹس کی انفرادی ہدایات سے رجوع کریں۔

دواؤں کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں تاکہ ان کی حادثاتی طور پر غذا خوری سے بچا جا سکے۔

آنکھوں کے قطروں کو کھولنے کے 4 ہفتوں بعد تلف کر دیں۔

یہ معلُوماتی کتابچہ محض حوالہ کے لِیے ہے۔
ڈاکٹروں اور فارمسسٹ کی ہِدایت کے مُطابق ادوِیات کا اِستعمال کیا جانا چاہیے۔
تفتیش کے لیے، براہِ مہربانی اپنے ڈاکٹر، ڈِسپنسری عملہ یا دِیگر صحت سے مُتعلق پیشہ ور افراد سے رابطہ کریں۔
اپنی ادوِیات کی دُوسروں کے ساتھ شراکت نہ کریں۔

نکات برائے استعمال

- اگر آپ کانٹیکٹ لینز پہنے ہوئے ہیں تو، آنکھوں کے قطرے لگانے سے پہلے ان کو ہٹا دیں۔ آنکھوں کے قطرے لگانے کے بعد، کانٹیکٹ لینز پہننے سے پہلے کم از کم 15 منٹ انتظار کریں۔
- آنکھوں کے قطرے لگانے کے بعد آنکھوں کو اپنے ہاتھوں سے مت رگڑیں۔
- اگر آپ ایک ہی آنکھ کے لیے دو مختلف آنکھوں کے قطرے یا آنکھوں کے لیپ کا استعمال کر رہے ہیں تو، انہیں چند منٹوں کے فاصلے پر لگائیں۔
- اگر ضروری ہو تو، اپنے کنبہ کے ارکان یا کسی اور سے کہیں کہ وہ آپ کی آنکھوں میں قطرے لگا کر دے۔
- خراب رنگت، خراب شدہ یا حد میعاد ختم ہونے والے آنکھوں کے قطروں کو کبھی استعمال نہ کریں۔



آنکھ کے قطرے
کیسے استعمال کیے جائیں

1 اپنے ہاتھوں کو صابن سے اچھی طرح دھوئیں۔

2 آہستہ سے بوتل ہلائیں۔ بوتل کے سرے کو چھُوئے بغیر ڈھکن کو ہٹا دیں۔

3 اپنے سر کو پیچھے کی طرف جھکائیں اور اُوپر کی طرف دیکھیں۔ پاکٹ یا کیسہ بنانے کے لیے آہستہ سے نچلے پپوٹے کو نرمی سے نیچے کو کھینچیں۔



4 آنکھوں کے قطرے اس پاکٹ یا کیسہ میں ڈالیں۔ آنکھ کو چوٹ اور سرے کو جراثیم سے بچانے کے لیے سرے کو اپنی آنکھ، پلکوں یا پپوٹے کو چھُونے نہ دیں۔

5 اپنی آنکھیں بند کرلیں اور اپنی انگلیوں سے اپنی آنکھ کے اندرونی کنارے کی جگہ کو آہستہ سے دبائے رکھیں تاکہ آپ کی ناک یا گلے میں قطرے نہ بہہ پائیں۔

6 صاف ٹشو سے اپنی آنکھ کے گرد کسی بھی اضافی مائع کا صفایا کریں۔



7 سرے کو دھوئیں یا صاف نہ کریں۔ بوتل پر ڈھکن واپس رکھیں اور اسے مضبوطی سے اسی وقت بند کر دیں۔